(ام سلمہ) بنت ابی امیہ بن المغیرہ - المخزومیہ - آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجات مطہرات میں سے ہیں - انکا اصلی نام (ھند) تھا - لیکن اِن کے پہلے شوہر (ابو سلمہ بن عبدالاسد المخزومی) کی صلب سے جبکہ (سلمہ) نامی لڑکی پیدا ہوئی تھی تو انکا لقب (ام سلمہ) ہوگیا تھا - یہ بہت فصیحہ تھیں - اِن کے اچھے اچھے اشعار بھی ہیں - حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے آخری عہد خلافت میں نزاعات بڑھجانے پر حضرت ام سلمہ کی بلیغانہ نصائح یادگار ہیں - تین سو اٹھتر احادیث ان سے مروی ہیں +

(ام عمارہ) انکا نام (نسیبہ) تھا - حضرت زید بن عاصم رضی اللہ عنہ انصاری کی بیوی تھیں - (احد) کی لڑائی میں شریک ہوئیں اور نہایت مردانگی سے لڑائی لڑیں - اِس جنگ میں جن مشرکوں نے جناب سرور کائنات پر حملہ کرنا چاہا تھا اُن کو (ام عمارہ) اور ان کے شوہر اور بیٹوں نے بہت تنگ کیا تھا - ان حملہ آوروں میں سے ایک کا پاؤں جبکہ ان بی بی کی تلوار سے کٹ گیا اور وہ گھوڑے پر سے گر گیا - تو اسکو جہنم واصل کردیا - جبکہ اِن کے بھی چند زخم آئے تو جناب رسول خدا حبیب کبریا نے اِن کے واسطے دعا فرمائی - یہ (بیعت عقبہ) کے شریک ہونیوالوں سے تھیں +

(ام الفقی) اس بہادر شہید کی ماں کا نام ہے جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کیطرف سے واقعہ (جمل) میں قرآن مجید لئے رہنے کیواسطے مامور ہوا تھا - اس بہادر کا جب ایک ہاتھ کٹ گیا تو دوسرے ہاتھ میں قرآن شریف کو لے لیا اور جب وہ بھی کٹ گیا تو لیٹ کر اپنی پیٹھ پر اسکو رکھ لیا یہانتک کہ شہادت کاملہ حاصل ہوئی +

(ام الفضل) لبابہ بنت الحارث - یہ اُن صحابیہ کا نام ہے جو حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی بی بی اور زوجات مطہرات میں سے حضرت میمونہ کی حقیقی بہن تھیں - حضرت ابن عباس کی ماں بھی ہیں - چونکہ اِن کے پہلے صاحبزادہ کا نام فضل تھا اِس وجہ سے (ام الفضل) کر کے مشہور ہوگئیں - (واقعہ جمل) میں حضرات عائشہ صدیقہ زبیر و طلحہ کے خروج کرنے کے ارادہ کی اطلاع انہیں نے حضرت علی کو مکہ مکرمہ سے خط بھیجکر کی تھی - یہ خط (ظفر) نامی ایک شخص کے ہاتھ بھیجا تھا اور اسکو یہ کہکر کہ اسوقت تو یہی ہے سو دینار اُجرت کے دیئے تھے +

(ام کلثوم) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی منجھلی صاحبزادی کا اسم گرامی ہے کہ جنکا نکاح حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا کے بعد ہوا تھا - یہ حضرت رقیہ سے چھوٹی اور حضرت فاطمہ سے بڑی تھیں - (سنہ ۹ھ) میں لاولد وفات کرگئیں +

(ام کلثوم) حضرت امام علی کرم اللہ وجہہ کی اس صاحبزادی کا نام ہے جو جناب فاطمہ کے بطن سے پیدا ہوئیں - انکا پہلا نکاح حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور پھر دوسرا نکاح (عون ابن جعفر الطیار) سے ہوا تھا - انکو (کلثوم کبری) کہتے تھے - کیونکہ حضرت امام کی دوسری صاحبزادی کا بھی یہی نام تھا جنکا بیاہ (عبداللہ الاصغر بن عقیل) سے ہوا تھا - رضی اللہ تعالی عنہما +

(ام معبد) عاتکہ الخزاعیہ صحابیہ تھیں - یہ حضرت (خالد الخزاعی) صحابی کی صاحبزادی اور حضرت (ابو معبد الخزاعی) کی زوجہ تھیں - جناب سرور کائنات افضل التحیات کی مدینہ طیبہ کو ہجرت فرمانے میں مقام "قدید" پر "خیمہ ام معبد" پر پہنچنے کے بیان سے اِن ہی (ام معبد) کا خیمہ مراد ہے - جوقت رسول پاک خیمہ میں پہنچے تو وہاں پر ایک بکری بھی تھی جو کمزوری کے سبب سے گلے کے ہمراہ نہیں بھیجی گئی تھی - آپنے جب اُسکا دودھ کاڑھا تو توقع سے زیادہ اُسنے دودھ دیا جبکہ (ابو معبد) گھر پر واپس آیا - اُسوقت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لیجا چکے تھے - تو اسکو یہ دودھ دیکھکر حیرت ہوئی - بیوی سے حال پوچھا تو اُسنے آپکے یہاں پر قدم رنجہ فرمانے کا تذکرہ کیا (ابو معبد) جبکہ اپنی بیوی کی زبانی حلیہ شریف سُنا تو قسم کھاکر کہا کہ ضرور یہ وہی شخص ہوگا جو قریش میں ظاہر ہوا ہے - اور کہا کہ اگر میں ہوتا تو ضرور بیعت کرتا - آخر میں یہ دونوں شرف اسلام سے مشرف ہوئے +

(ام ھانی) ابوطالب کی صاحبزادی اور جناب امام علی کرم اللہ وجہہ کی ہمشیرہ کا نام ہے - اس میں اختلاف ہے کہ اصل نام انکا (ہند) ہے یا (فاطمہ) ہے یا (فاختہ) ہے - انکا شوہر (ہبیرہ بن عمرو المخزومی) مشرک تھا - مکہ مکرمہ کے فتح ہونے کے دن بھاگ گیا اور اسی زمانہ میں (حضرت ام ھانی) نے دین اسلام کا اظہار کیا - چھیالیس احادیث ان سے مروی ہیں قصہ المعراج کی رات میں آنحضرت ان ہی کے گھر میں تشریف رکھتے تھے +

(امیدی طہرانی) بلیغ شاعروں میں سے ہے - اسنے شیراز جاکر (جلال دوانی) سے تحصیل علم کیا تھا - اپنے زمانہ میں فرید شمار ہوتا تھا ظہیر فاریابی کے ایک قصیدہ کی طرح پر جو اُسنے قصیدہ لکھا ہے اُسکا یہ ایک شعر ہے :-

علی الصباح کہ ساقی دہد شراب طہور + بہوش باک مدار ان ربنا لغفور

(سنہ ۹۲۵ھ) میں دشمنوں کے ہاتھ سے قتل ہوگیا - سنہ قتل خود اس کے اس مصرعہ سے نکلتی ہے :-

"آہ از خون ناحق من آہ"

(امیر بخاری) سادات اور اولیاء اللہ میں سے تھے - جب یہ بخارا میں تھے تو (خواجہ عبداللہ احرار) سے اور اُن سے بہت دوستانہ ملاقاتیں ہوا کرتی تھیں اور حضرت خواجہ انکی بہت تعظیم کرتے تھے - آخر عمر میں

CHAMBERLAINS COLIC COLERA. &
DIARRHOEA REMEDY.

چیمبرلینس کولک کالرا اینڈ ڈائریا ریمیڈی
(چیمبرلینس صاحب کی قولنج ہیضہ اور پیچش کی دوائی)
(جو امریکہ میں بنائی گئی ہے)

نہایت عجیب دوائی اپنی قسم کی ہے جو تمام دنیا میں استعمال اور پسند کی جاتی ہے - تمام معدے کے دردونکو فوراً دفع کرتی ہے - قولنج - ہیضہ - پیچش - ظہیر دوامی ظہیر - بچونکا ہیضہ - انٹرولیا کی ہر قسم کی بیماریاں + قیمت چھوٹی بوتل ایک روپیہ - بڑی بوتل دو روپیہ + ہر جگہ دوا فروشوں سے مل سکیگی +

یہ دوا شیخ فیروزالدین سوداگر امرتسر سے مل سکیگی

دیسی اخبارات اور اہل ملک کی قدردانی

نہایت افسوس کی بات ہے کہ ہمعصر زمانہ کانپور بھی نادھندوں کی بے ایمانی کا شکار ہو گیا۔ اور سات ہزار روپیہ ایسے حضرات کے ذمہ بقایا چھوڑ کر بہت سی گذشتہ ششماہی میں بند ہو جانیوالے ہمعصروں کے گروہ میں جا ملا۔ زمانہ بہر نہج اخبارات کے لئے ناموزوں ہے۔ خصوصاً جب سے سڈیشن کا قانون حرکت میں آیا ہے پہلے لائبل کا قانون ہی اخبار نویس کا دم ناک میں کرنے کے لئے کم نہ تھا۔ کہ اب سڈیشن کے قانون کی مجوزہ ترمیم نے غضب ڈھا دیا ہے۔ اب اگر اہل ملک اور ناظرین اخبارات میں ذرہ بھی انصاف ہو تو وہ کبھی کسی اخبار کی قیمت کا ایک حبہ بھی واجب الادا نہ رہنے دیں۔ دیکھیں تو سہی کہ آزاد اخبار نویس کیسے جان جوکھوں کا کام کر رہے ہیں بیچارے اپنا سینہ سپر کرکے اپنے ملک کی خدمت اور اہل ملک کی بہتری کا دم بھرتے ہیں۔ اُنکی خدمات کا کوئی معاوضہ نہیں۔ لیکن وہ جسقدر کاغذ اور سیاہی خرچ کرکے اخبار تیار کرتے اور آپکی خدمت میں بہم پہنچاتے ہیں اسکی قیمت تو انہیں ضرور دینی چاہیئے۔ مجھے اندیشہ ہے کہ بتدریج **تمام اچھے اچھے اخبارات بند ہو جائینگے** + کیونکہ انکی خدمت کی مطلق قدر نہیں کی جاتی۔ اور جو کچھ تھوڑا بہت معاوضہ اخبارات کو ملتا ہے وہ کسیطرح بھی اُس پرخطر اور ذمہ داری کے کام کے ساتھ کوئی نسبت نہیں رکھتا جو اخبارات کو کرنا پڑتا ہے۔ لوگ جو قیمت اخبار کے چند روپے سال کے دیتے ہیں۔ وہ شاید سمجھتے ہیں کہ وہ اخبار پر احسان کرتے ہیں۔ بحالیکہ بمقابلہ اخبارات کی پُرخطر خدمت کے چند روپیہ کچھ حقیقت نہیں رکھتے اور اُن میں بھی بہت لوگ ایسے پیدا ہو گئے ہیں۔ جو اخبار تو لیتے ہیں مگر قیمت نہیں دیتے۔ میرے خیال میں جسطرح بھیڑوں کی حفاظت اور نگہبانی کے لئے گڈریے کا کتا ضروری ہے۔ اُس سے بھی زیادہ ہر ایک مہذب سلطنت کی رعایا کے حقوق کی حفاظت کے لئے اخبارات کا وجود ہے۔ گڈریا خواہ کتنا ہی غریب ہو۔ مگر وہ اپنے کتے کو ضرور کھلائیگا۔ کیونکہ وہ جانتا ہے کہ اگر اُسنے اِس خرچ کو کفایت شعاری یا بے پروائی کے خیال سے بند کردیا تو اُسکی بھیڑوں کو بھیڑیئے کھا جائینگے۔ کسان خواہ کتنا ہی غریب ہو وہ اپنے کھیت کے گرد جب خاردار باڑھ کی ضرورت دیکھتا ہے تو اُسکو ضرور لگاتا ہے۔ کیونکہ وہ جانتا ہے کہ اگر باڑھ نہ لگائی گئی تو کھیت برباد ہو جائیگا۔ جو کسان کھیت کو باڑھ نہ لگائے یا جو گڈریا اپنے گلے کی حفاظت کے لئے کتا نہ رکھے:۔

اُس سے بڑھکر بے وقوف کون ہوگا؟ اخبار دراصل گورنمنٹ اور رعایا کے حقوق کی حفاظت کرنے والے ہیں۔ رعایا کو اُن کے خرچ کا متکفل ضرور ہونا چاہیئے۔ گورنمنٹ کے ذمہ تو انکی اتنی ہی خدمت ہے کہ اُسنے اُنہیں اظہار خیالات اور مناسب نکتہ چینی کے لئے اجازت دے رکھی ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ رعایا اپنا فرض اخبارات کے متعلق جو اُسکے ذمے ہے ادا نہیں کرتی۔ اسکا نتیجہ یہ ہوگا کہ اخبار بتدریج بند ہو جائینگے۔ اور اہل ہندوستان بڑا نقصان اُٹھائینگے۔ بلکہ وہ ایک طرح کفران نعمت کے مرتکب ہونگے کہ جسکی نسبت درست کہا گیا ہے کہ "کفران النعمت اشد من الکفر" جس ملک کو آزاد پریس دیا جاوے وہ کسی دوسری نعمت سے کم نہیں ہوتا +

عام اعتراض ہے کہ ہندوستان کے اخبارات کم مایہ اور ادنے درجہ کے ہوتے ہیں۔ یہ بھی اہل ملک کا ہی قصور ہمت ہے۔ وہ قابل آدمیوں کو اخبار چلانے کی جرأت نہیں دلاتے۔ اور اخبارات کا حوصلہ نہیں بڑھاتے کوئی کقدردانی پر جان پر کھیل جائے۔ اخبارات اور اخبار نویس بجائے خود کچھ چیز نہیں ہیں۔ صرف اہل ملک کے مذاق اور قدردانی کا ایک اندازہ ہیں۔ جسطرح تھرمامیٹر سے گرمی سردی اور بیرومیٹر سے ہوا کا اندازہ کیا جا سکتا ہے ویسے ہی کسی ملک کے:۔

اخبارات سے رعایا کی شائستگی کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ اگر لوگ شائستہ اور اعلے مذاق کے ہیں تو اخبارات کہ جنکو وہ استعمال کرتے ہیں لامحالہ ویسے ہی اعلے اور عمدہ ہونگے لیکن اگر اخبارات ادنی حالت میں ہیں تو سمجھ لینا چاہیئے کہ اہل ملک بھی ویسے ہی ہیں۔ جسطرح کسی شخص کے دوست دیکھکر خود اُسکی کیفیت معلوم ہو سکتی ہے ویسے ہی کسی ملک یا قوم کے اخبارات دیکھکر اُس ملک یا قوم کیحالت معلوم ہو سکتی ہے۔ ایک مٹھی بھر اہل یورپ ہمارے ملک میں بود و باش رکھتے ہیں۔ لیکن اُن کے اخبارات کی حالت ایسی اعلے ہے کہ جیسے کہ یورپ کے اچھے اچھے اخبارات کی۔ اُن کے ہمقوم اُنکے بڑی بڑی رعائتیں کرتے ہیں گورنمنٹ پنجاب نے سول اینڈ ملٹری گزٹ لاہور کو تمام سرکاری کاغذات اور کتابوں کے چھاپنے کا ٹھیکہ دس پندرہ سال کے لئے دے رکھا ہے اور:۔

ہر سال میں لاکھوں روپیہ کا بل ہوتا ہے:۔ جس نرخ پر یہ سرکاری ٹھیکہ اس اخبار کے کارخانہ کو دیا گیا ہے بہت لوگ اس سے نصف سے بھی کم نرخ پر اس ٹھیکہ لینے کی آرزو رکھتے ہونگے مگر اُنہیں نہیں دیا۔ اخبار پائونیر الہ آباد کے ساتھ چالیس چالیس صفحے اشتہارات کے اکثر چھپا کرتے ہیں۔ اِن میں تمام بڑے بڑے انگریزی سوداگروں کے اشتہارات ہوتے۔ اور سرکاری اشتہارات بھی ہوتے ہیں۔ یہ اخبار سرکاری اشتہارات کی اُجرت پرائیوٹ اشتہارات سے دوگنی لیتا ہے۔ اور وہ ہمیشہ سرکار اُسکو دیتی رہتی ہے۔ اُمید نہیں کہ کسی ہندوستانی اخبار کو کبھی یہ رعائت حاصل ہوسکے اخبار ٹائمز آف انڈیا بمبئی کو راجپوتانہ مالوہ ریلوے وغیرہ لائنوں کی چھپائی کا لاکھوں روپیہ سال کا ٹھیکہ ملا ہوا ہے۔ غرض انگریزوں کے اخبارات کی حالت بہت اچھی ہے۔ کیونکہ وہ لوگ اخبارات کی ضرورت کو جانتے ہیں اور اُن کی قدر کو پہچانتے ہیں +

ہمارے اخبارات کی ناقدردانی کی نسبت یہ بھی عذر کیا جاتا ہے کہ:۔

ہم لوگ بہت غریب ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ ہم لوگ بہت غریب ہیں۔ مگر تاہم ملک میں ابھی اتنے دولتمند اور آسودہ حال لوگ بھی موجود ہیں کہ جو اگر چاہیں تو موجودہ تعداد سے دوچند اخبارات کو چلتا رکھہ سکتے ہیں۔ لیکن خوش گذران لوگوں کو اخبارات کی ذرا پرواہ بھی نہیں ہے۔ غریب لوگ بوجہ مقدرت نہ رکھنے کے انھیں خرید نہیں سکتے۔ پھر اخبارات کو کون لیگا۔ لیکن میری رائے میں بہتر ہے کہ:۔

اخبارات کو کوئی نہ خریدے:۔ اور وہ بند ہو جائیں۔ بہ نسبت اسکے کہ کئی لوگ خریداری کی درخواستیں بھیجیں۔ اخبار بینی کا شوق ظاہر کریں اور قیمت دینے کا وعدہ کرکے اخبار کو ایک مدت تک قرض دام لیکر چلتے رہنے کی امید دلائیں۔ لیکن جب اخبار اپنے تمام وسائل جو پہلے ہی بہت محدود اور برائے نام ہوتے ہیں خرچ کر چکیں تو پھر اُسکو اپنے برائے نام خریداروں یا نادھند خریداروں کی مدد سے مایوس ہوکر بند ہو جانا پڑے۔ کس امید پر ایسی حالت میں کوئی لائق آدمی اپنی عمر کو تلف کرے اور کس اُمید پر کوئی سرمایہ دار ایسی تجارت میں سرمایہ لگاوے کہ جس سے کسی منفعت کی امید نہ ہو +

غرض ہمارے اخبارات صرف ایک صورت میں بہتر ہو سکتے ہیں۔ وہ صورت یہ ہے کہ سب خریدار جو درخواستیں بھیجکر کسی اخبار کی خریداری کا وعدہ کرتے ہیں وہ اُس اخبار کی قیمت ادا کرنا اتنا ضروری سمجھیں جتنا کہ اپنے اور اپنے کنبے کی ضروریات کو ضروری سمجھتے ہیں +

ہندوستان کے اخبارات کا سب سے بڑا روگ نادھند ہیں اور جبتک یہ لوگ بدنام اور ذلیل ہوکر یا خدا سے ڈر کر اس عارضہ کا علاج نہیں کرینگے اخبارات کبھی آسودہ اور طاقتور نہیں ہونگے بلکہ سب یکے بعد دیگرے بند ہوتے جائینگے۔ کیونکہ جہاں قانون کی سختی اہل اخبارات کے سامنے ہوگی ساتھ ہی مالی مشکلات اُنکو گھبرا کر اس کام کے چھوڑ دینے پر مجبور کرے گی۔ پبلک صرف اخبارات کی جائز اور واجب قیمتیں ادا کردینے کا عزم کرے اور پھر دیکھے کہ اخبارات کی حالت کتنی جلدی درست ہو جاویگی۔ جب لوگ اخباروں کی خدمات کی قدر کرنے لگینگے تو اُنکی قیمتیں وہ اس خیال سے دینگے جو مولانا جامی کے اس شعر میں موجود ہے:۔

جمادے چند دادم جان خریدم
بحمد اللہ عجب ارزاں خریدم

اور یہ کوئی مبالغہ کی بات نہیں ہے۔ یورپ کے اخبار نویس ایسا ہی سمجھتے ہیں۔ اور دراصل یہ بات درست بھی معلوم ہوتی ہے۔ یورپ کا ایک ایک پینی کو بکنے والا اخبار ایسا ہی ہوتا ہے کہ جسپر ہزار روپیہ ایک پرچہ کی تار برقی خبریں اور مضامین حاصل کرنے میں خرچ ہو چکا ہے۔ گویا ہر خریدار کو **ہزار روپیہ کا پرچہ ایک پینی کو ملتا ہے**:۔ یہ صرف اس صورت میں ہو سکتا ہے کہ لوگ کثرت سے اخبار خریدیں اور اُن کی قیمتیں وقت پر دیدیں۔ تب اخبار بھی اپنی حالت درست کرلینگے اور جو اپنی حالت درست نہ کرینگے وہ خود بخود بند ہو جائینگے +

(ماخوذ از پیسہ اخبار)

الطاعون اس نام کا ایک رسالہ بزبان اُردو جناب حکمت مآب حکیم محمد اجمل خان صاحب دہلوی معالج خاص حضور پر نور نواب صاحب بہادر والی رامپور و افسر اعلیٰ شفاخانجات و کتب خانہ ریاست رامپور نے تالیف فرما کر دہلی میں چھپوایا ہے - دو ہزار جلدیں طبع کرا کر مفت تقسیم فرما رہے ہیں - اس رسالہ کی ایک کاپی اپنی قدیمی عنایت سے راقم دبدبہ سکندری کو بھی عنایت فرمائی - جسکا راقم نہایت شکر گذار ہے -

جناب حکیم صاحب موصوف کو خدا تعالیٰ نے جیطرح ذاتی خوبیاں عطا فرمائی ہیں - کہ فن حکمت میں اپنے نامور والد ماجد قبلہ جناب حکیم محمود خان صاحب مرحوم دہلوی کی نیک یادگار ہیں اسیطرح صفات حمیدہ یعنی علوم عربی - فارسی - انگریزی میں کامل دستگاہ رکھتے ہیں - قرآن مجید کے عمدہ قاری اور حافظ ہیں - حلم و متانت اور خلائق کی خیرخواہی میں اپنی نظیر آپ ہیں - جس روز سے آپ یہاں تشریف لائے ہیں تمام باشندگان رامپور آپکے اخلاق و الطاف اور علاج مسیحائی کے مداح و ثناخوان ہیں - سب سے بڑھکر عامہ خلائق کیلئے آپنے یہ احسان کیا ہے کہ یہ رسالہ بصرف کثیر چھپوا کر مفت تقسیم فرمایا جو نہایت مفید خلائق ہے علی الخصوص اُن مقامات کیلئے جہاں یہ مرض طاعون عالمگیر ہے -

اس رسالہ میں دیباچہ کے بعد (دیباچہ کا طرز جدید اور عبارت نہایت دلکش ہے) لفظ **طاعون** اور پلیگ کی تحقیق و تطبیق کی گئی ہے - پھر طاعون کے تاریخی حالات قابل دید ہیں جسمیں نہایت صراحت کیگئی ہے - کہ کس وقت سے دنیا میں یہ مرض طاعون ظاہر ہوا اور ابتدا سے اسوقت تک کن کن مقامات میں دورہ کنان رہا - اور کس قدر مخلوق تباہ و برباد ہوئی - اُس کے بعد مرض طاعون کے اسباب اور علامتیں نہایت تفصیل سے بیان کی ہیں اور اُسکے دفعیہ کی تدبیریں اور علاج لکھدئے ہیں - اور نسخے درج فرمائے گئے ہیں جو ہر آئینہ مفید خلائق ہیں - اللہ تعالیٰ اسکی جزائے خیر عطا فرمائے - اس موقع پر ہم اس رسالہ سے وہ تدابیر **حفظ ما تقدم** مختصر طور سے درج کرتے ہیں جو جناب حکیم صاحب موصوف نے اپنے قیمتی تجربہ اور تحقیق سے ارقام فرمائے ہیں - اور وہ یہ ہیں -

وبا سے بچنے کی عام تدبیریں - پلیگ میں مبتلا ہونے سے پہلے ہر ایک شخص کو لازم ہے کہ اُس سے بچنے کی تدبیریں کرے - (۱) غذائیں ٹھنڈی - ہلکی - جو دیر ہضم نہوں کھائے - (۲) موٹے کپڑے پہنے - (۳) اور پانی صاف اور ستھرا فلٹر کیا ہوا استعمال کرے - (۴) کوئی ریاضت جسمیں زیادہ حرکت کرنے کی ضرورت ہو نکرے - (۵) اور دماغی کام بھی زیادہ کرنا وبا کی حالتمیں ناجائز ہے - (۶) بدن کو صاف اور ستھرا رکھنا چاہئے - (۷) مکان جسمیں سکونت ہو سیلی اور کیچڑ سے بالکل صاف ہو - (۸) جو چیزیں وبائی ہوا کے ضرر کو بالخاصیۃ دور کرتی ہیں اُنہیں ہر وقت اپنے پاس رکھے اور سونگھے - (۹) ہر روز دن میں دو مرتبہ ٹھنڈے پانی سے نہانا بھی بدن کو صاف رکھتا ہے - اسکی مداومت ہر روز چاہئے - (۱۰) حافظ صحت کو اسبات کا ضرور لحاظ رکھنا چاہئے - کہ کوئی قابض چیز استعمال میں نہ لائے - اور قبض کی حالتمیں فوراً اُسکا تدارک کرے - (۱۱) زیادہ جاگنا بھی مضر ہے -

یہ سب باتیں جو ذیل میں ترتیب وار درج کیجائینگی - اُنہیں اُس وقت استعمال کرنا چاہئے جب وہ اپنے شہر سے جہاں وبا ہے باہر نہ جاسکے ورنہ سب سے پہلے ایسے مقاموں کو بہت جلد چھوڑ دینا چاہئے -

جہاں پلیگ کے واقعے ہو رہے ہوں کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایسے مقاموں کو چھوڑنے کے بعد بھی وبائی امراض میں آدمی مبتلا ہو جاتے ہیں - اس لئے بنظر احتیاط چند روز حفظ صحت کی وہ تدبیریں جو اس بحث میں مذکور ہیں عمل میں لانی چاہئے -

مکان کے متعلق تدبیریں - (۱) سب سے پہلے مکان کے متعلق عام صفائی کیحالت کو درست رکھنا چاہئے اور ہر ایک قسم کی وہ چیزیں جو ہوا کو خراب کرتی ہیں - اور اُسمیں بدبو اور تعفن پیدا کرتی ہیں مکان سے دور رکھنی چاہئے - (۲) فاضل شمعون جو ایک خلافت کا مشہور طبیب تھا یہ کہتا ہے کہ سرکہ اور سینگ مکانمیں چھڑکنا اُس کے رہنے والے کو اس مرض سے محفوظ رکھتا ہے - اور عود ہندی - صندل - قسط حلوہ - سیعہ کندر - اِن سب دواؤں کی دھونی وبائی ہوا کی اصلاح کرتی ہے - (۳) بعض طبیب لکھتے ہیں کہ ہر روز مکان میں آگ جلا کر اُس کی خرابیاں کو نکال دینا چاہئے - بلکہ آگ جلانیکی تدابیر اگر سارے شہر کے متعلق کیجائے تو شہر کی عام ہوا درست ہوجاتی ہے - ایک معتبر طبیب نے لکھا ہے کہ یونان میں اکثر یہ وبا آئی اور شہر کے لوگ پریشان ہو کر بقراط کے پاس آئے اور اُس سے وبا کے دور کرنیکی تدبیر پوچھی - اُسنے کہا کہ خوشبودار چیزیں شہر کے چاروں طرف جمع کر کے آگ لگا دو - تاکہ اُسکا دھواں ہوا میں ملکر شہر کی ہوا درست کردے شہر والوں نے بقراط کے مشورہ کے موافق کیا اور اُسکا یہ اثر ہوا کہ شہر کی وبا جاتی رہی - یونانیوں کا اعتقاد جو بقراط کے ساتھ زیادہ تھا اُسکی ابتدا اسی واقعہ سے تعلق رکھتی ہے - (۴) تمام طبیب اسبات کی تاکید کرتے ہیں کہ آدمی کے گرد خوشبو پھول اور سرد پانی کثرت سے رکھا جائے - تاکہ مکان کی ہوا کے ساتھ اِن دونوں چیزوں کا اثر ملجائے اور سانس کے ساتھ آدمی کے جسم میں جائے - (۵) مکان اگر بلند ہو تو اچھا ہے - پست مکان کو ایسی ہواؤں کیلئے نشانہ اور ہدف سمجھنا چاہئے - (۶) مکان پر قلعی پھیرنی بھی صفائی کے علاوہ اصلاح ہوا کے لئے مفید ہے -

پانی اور دوسری پینے کی چیزیں - (۱) پانی کی نسبت جیسا کہ ہمنے پہلے بیان کیا ہے صاف ستھرا - فلٹر کیا ہوا سرد ہونا چاہئے - اگر سرد پانی نہو تو برف میں ٹھنڈا کر لیا جائے - (۲) سرد پانی میں سرکہ ملا کر پینا بھی وبا سے محفوظ رکھتا ہے (۳) تین ماشہ طین ارمنی سرکہ کیساتھ پینی اکثر طبیبوں نے زیادہ مفید لکھی ہے - (۴) اسی طرح ایک ماشہ جدوار - ڈیڑھ تولہ گاے کی دہی میں ملا کر تھوڑے سے گلاب اور عرق گاؤزبان کے ساتھ پینی فایدہ مند ہے - (۵) شربت انار ترش شربت لیمو - شربت حماض - شربت ترنج - شربت نارنج - اور اسی قسم کے شربتوں میں سے دو تولہ تھوڑے گلاب اور بید مشک اور گاؤزبان کے عرق کیساتھ ہر روز صبح کو پینا بھی پلیگ سے محفوظ رکھتا ہے -

پہننے کے کپڑے (۱) یونانی مشہور تجربہ کار طبیب محمد زکریا رازی اور ابن الیاس اور اکثر طبیب ایسے اشخاص کو جو طاعونی ہوا سے محفوظ رہنا چاہتے ہیں یہ مشورہ دیتے ہیں کہ وہ موٹے کپڑے پہنیں - اِس کے دو فایدے ہیں :-

ایک تو یہ کہ وبائی ہوا سے وہ جسم کو محفوظ رکھینگے اور اُسکا خراب اثر بدن میں زیادہ ضرر نہیں پہنچا سکیگا - دوسرا یہ کہ گرم اور موٹے کپڑے پہننے سے اکثر پسینا آتا رہیگا جس سے وہ خراب رطوبتیں نکلتی رہینگی - جو وبائی ہوا کے لئے ایسی ہی سمجھنی چاہئیں جیسے کہ آگ کے لئے تیل ہوتا ہے -

سونگھنے کی چیزیں (۱) کافور کا پاس رکھنا اور اُسکا اکثر سونگھنا پلیگ اور اکثر وباؤں سے محفوظ رکھتا ہے - (۲) محمد طاہر نے لکھا ہے کہ موم کی بو خراب بوؤں کو دور کرتی ہے اور اُسکی دھوئیں کا سونگھنا اُس پلیگ کے لئے خاصکر مفید ہے جو عام لڑائیوں کے بعد مُردوں کی سڑنے سے پیدا ہوتی ہے - (۳) بو علی سینا نے لکھا ہے کہ ترنج کے چھلکے کی بو وبائی ہوا کی اصلاح کرتی ہے - (۴) اسی طرح پیاز کے سونگھنے سے اکثر وبائی ہوا کی اصلاح ہو جاتی ہے (۵) جہانتک ممکن ہو ٹھنڈی ہوا کا استعمال کیا جائے خواہ وہ ہوا خود ٹھنڈی ہو یا اُسے ٹھنڈا کر لیا جائے -

کھانے یا غذائیں علی العموم غذائیں ٹھنڈی اور سبک ہونی چاہئیں میٹھی چیزوں سے جہانتک ہو سکے پرہیز کرنا چاہئے - ترش چیزیں جنمیں پیاز سرکہ پڑا ہوا ہو خاصکر مفید ہیں - یونانی کتابوں میں چند غذائیں مخصوص لکھی ہیں لیکن ہماری ہندوستانی غذاؤں سے اُنکی ترکیب جداگانہ ہے اسلئے ہم اُن غذاؤں کا ذکر اِس موقع پر مناسب نہیں سمجھتے البتہ اتنی بات ضرور خیال کر لینی چاہئے کہ اُن غذاؤں میں سرکہ اور ترش چیزیں ہیں اور انہیں کی وجہ سے وہ غذائیں وبائی موسم میں اختیار کیگئی ہیں - اس لئے ایسے زمانہ میں حافظ صحت کو یہ خیال رکھنا چاہئے - کہ وہ اپنی غذاؤں میں سرکہ - املی - زرشک - لیموں - وغیرہ جنمیں ترشی کیساتھ تریاقیت بھی ہو ڈال لیا کرے جو غذائیں حافظ صحت کو استعمال کرنی چاہئیں - وہ نام بنام علاج کی بحث میں ذکر کیجائینگی -

کھانیکی دوائیں (۱) جالینوس کی گولیاں جو اُسنے مصر کے طاعون کے لئے بنائی تھیں اور جنکا نسخہ ہم ذیل میں درج کرتے ہیں - اس مرض سے بچنے کیلئے عجیب ثابت ہوئی ہیں - محمد طاہر نے لکھا ہے کہ جن لوگوں نے اِن گولیوں کو زمانہ طاعون میں ہمیشہ کھایا وہ اس مرض کے اثر سے بالکل محفوظ رہے -

اسلامی خبرین

افواج مقیمہ تہسلی کے اخراجات کے حساب وکتاب کی پڑتال کیلیئے دار الخلافہ سے چند افسران کی کمیشن بھیجی گئی تھی جو اپنا کام کر رہی ہے۔ اب صوبہ تہسلی کی آمدنی و مصارف کی پڑتال کیلیئے دوسری کمیشن بھیجی گئی ہے +

سرحد سرویا پر کارلودا کے قریب ترکون نے چند جنگی چوکیان قایم کی ہین۔ وزیر جنگ فوجی محکمہ جات کی درستی و ترتیب کر رہے ہین۔ تاکہ جنگ کیوقت درستی سے کام ہو سکے۔ ناقابل اہلکار موقوف کرکے اونکی جگہ لائق و تجربہ کار آدمی رکھے جاوینگے۔

واشنگٹن (دار الخلافہ امریکہ) کے سابق ترکی سفیر الیگزنڈر مادر جنی بے کو اڑھائی ہزار قرش ماہوار کی پنشن دی گئی ہے +

بیروت کے باشندہ فواد ارسلان کو اس جرم مین دو سال قید کیا گیا تھا کہ اوسنے ایک ممنوع معاملہ کے متعلق باہر تارین بھیجی تھین۔ امیر المومنین نے اوسکی سزا معاف کردی ہے۔ ترکی گورنمنٹ نے گورنر دیار بکر کو شہیری کے نایب گورنر عبد اللہ منیر بے پر مقدمہ بنانیکا حکم دیا ہے۔ علاوہ دیگر سنگین الزامات کے ایک الزام اوسپر یہ ہے۔ کہ وہ رشوت لیکر مجرمون کو چھوڑ دیا کرتا تھا۔

زراعتی بنک نے قلمرو عثمانیہ کا ایسا نقشہ بنا رکھا ہے جسمین وہ تمام قصبے اور دیہات دکھائے گئے ہین جنمین بنک کی شاخین یا ایجنسیان قایم ہین۔ نقشہ کے ساتھ علیحدہ جدول مین ہر ایک مقام کا فاصلہ اور وہانکی ایجنسی کا سرمایہ اور دستور العمل بھی بتائے گئے ہین۔ منظوری کے بعد یہ نقشہ عام طور پر شایع کیا جاویگا

یونان کو ۱۸۹۷ء کی پہلی تین سہ ماہیون مین ۱۸۹۶ء کے اسی عرصہ کی نسبت مین فیصدی کم یعنی دو کروڑ کی جگہ ایک کروڑ ۶۵ لاکھ درہم کل آمدنی ہوئی +

ترکی قومی قرضہ کی کمیشن اور جزیرہ ساموس کی باجگذار ریاست مین وہانکی کانہاے نمک کے متعلق قرارداد ہو گئی ہے۔ جو منظوری کے لئیے بابعالی کے سامنے پیش کیگئی ہے۔ عثمانیہ گورنمنٹ نے فراعون کو محصول (مٹو و محصول پیشہ درانہ) معاف کرکے اوسکی بقائے بھی چھوڑ دئے ہین۔ سوفتا (مذہبی طلبا) امام اور شیوخ کیطرح تمام اسلامی واعظین سے بھی تمبر سنرک کا ٹیکس نہین لیا جاتا۔ عثمانیہ گورنمنٹ نے ریشم۔ تمباکو اور افیون کے معمولی عشر پر تعمیرات عامہ کیلئے اب ایک اور ٹیکس بشرح حصصی ؟ بڑھا دیا ہے۔ جو زراعتی بنک کی معرفت وصول ہوتا ہے +

شمالی افریقہ کے سرکردہ مسلمانون نے بلاد افریقہ مین اشاعت اسلام کیلئے اور نیز اتقا و زہد کی ترویج اور تنگدست بھائیون کی امداد و اعانت کیلئے زبردست کمیٹی یا انجمن قایم کی ہے +

ترکی اخبار اقدام کل طاقتون کی بحری و بری قوت بزمانہ جنگ کی تفصیل دیکر دولت عثمانیہ کی نسبت لکھتا ہے۔ کہ وہ جنگ مین بیس لاکھ جانباز سپاہی اور ۲۰ جنگی جہاز جنپر ۵۶۰ توپین نصب ہین لا سکتی ہے +

مکہ معظمہ سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ حجی قافلہ بخیر و عافیت مدینہ منورہ پہونچ گیا ہے +

اخبار ترجمان حقیقت کی ایک اڈیٹر عزتلو علی مظفر بک کو صنف ثانی کے رتبہ ثانیہ پر سرفراز کیا گیا ہے

دولتلو رفیق پاشا کی حرم محترم نے بابعالی سے ترکی زبان مین عورتون کے پڑہنے کے لئے اخبار نکالنے کی اجازت مانگی ہے۔ وہ اخبار کا نام نسوان رکھنا چاہتی ہین +

امیر المومنین سلطان الغازی ابو الفتح والمغازی عبد الحمید الثانی کے ظل عاطفت مین ہر قسم کی تعلیم و تربیت کی اشاعت مین بالعموم اور فوجی تعلیم مین بالخصوص جو ترقی ہوئی ہے۔ وہ بقول "الترقی" اسی سے واضح ہو سکتی ہے کہ حضور ممدوح سے پہلے قسطنطنیہ کے مکتب حربیہ سے طرابلس الغرب کا کبھی کوئی طالب علم داخل یا وہانسے پاس نہوا تھا۔ مگر اب تہوڑے ہی مدت مین وہان سے دو سو طرابلسی طلبا لفٹنٹی کا امتحان پاس کر چکے ہین +

این گل دیگر شگفت۔ یونان کا جھگڑا ابھی تمام نہین ہو چکا تہا کہ گتر مین جو کہ بحرین کے نزدیک ہے۔ ایک نیا شگوفہ کھڑا ہو گیا۔ شیخ جاسم کے باغی ہو جانیکی جو کہ وہ ایک دفعہ سابقہ بھی ایسے ہی باغیانہ خیال اس کے دل مین بیٹھ گیا تہا۔ افواہ مشہور ہوئی ہے۔ شاہانہ فوج بغداد مین سے تین فوج جنکو آٹھ روز سے تیار رہنے کا حکم پیشتر سنایا گیا تہا۔ آج ۲۸ رجب المرجب مطابق ۲۳ دسمبر ۱۸۹۶ء کو زیر کمان شاکر بیگ میر آلائی فی الحال روانہ ہو گئین۔ افواج مذکورہ جہاز موصل نام و رصافہ عثمانی جہازات پر معہ جبہ خانہ مسلح سوار ہوئی ان ہر دو جہازون کے بہر جانیکے باعث دو فلاٹ ساتھ لگائی گئین اور یہ بھی خبر ہے کہ دوسرے روز فرات نام جہاز کے خالی ہونے پر جو کہ بصرہ سے مال لیکر ابھی آیا ہے فوراً توپخانہ عامرہ مین سے ایک توپخانہ سوار ہو کر افواج مذکورہ بالا کو بصرہ مین جا ملیگا۔ اور دو تابور یعنے پلٹنین موصل سے جو کہ دریا دجلہ کے کنارہ پر آباد ہے اور بغداد سے بارہ روز کا راستہ ہی۔ روانہ ہو گئے ہین۔ امید کہ تیسرے روز تک بغداد مین پہونچ جاوینگے۔ اور یہ پلٹنین بھی بصرہ مین افواج مذکورہ بالا کو جا ملینگے۔ اور بصرہ اور ہسا والی فوجین سب ملکر زیر کمان ہز اکسلینسی محسن پاشا شیخ مذکور کی سرکوبی کیلئے بصرہ سے روانہ گتر ہونگی۔ یہ وہ نوجوان پاشا ہین جنکا ذکر ہم دو ہفتہ پہلے کر چکے ہین کہ بحریہ کماندان اور والی بصرہ مین تنازعہ ہو جانے پر والی بصرہ ہو کر چند دنون کے لئے گئے تہے اور پاشاہ ممدوح کو ابھی چند روز گذرے ہین کہ فریق ہونیکی خوشخبری ملی تہی یہ نوجوان پاشا بڑی خوشی سے اس خدمت کی سرانجام دہی کیلئے تیار ہین خداوند کریم پاشا موصوف کی امید بر لاوے۔ اور تائید ایزدی شامل حال ہو اور بفتح و نصرت شادان و فرحان واپس ہون۔ آمین۔ ثم آمین۔

ہم بڑے افسوس سے لکھتے ہین کہ سلطان ابن رشید جبل رشید کے بادشاہ نے اس دار فانی سے دار البقا کا جام پی لیا ہے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ خداوند کریم مرحوم کو اپنے فضل و کرم سے جنت نصیب کرے۔

نامہ نگار بغداد

اعلیٰ حضرت سلطان المعظم کے حکم سے ایک مسلمان عورت سماۃ فاطمہ خانم کو تین سو پیاستر ماہوار کی پنشن عطا کی گئی ہے۔ اس صلہ مین کہ وہ مردانہ بھیس مین فوج مین داخل ہو کر جنگ (روم و یونان مین) شریک کار رہی +

تمام ترکی اخبارات اپنے مضامین مین ان فوائد پر اظہار طمانیت کر رہے ہین۔ جو معاہدہ مصالحت مابین روم و یونان سے سلطنت عثمانیہ کو حاصل ہوئے ہین۔ سرحد کی ترمیم۔ تہسلی مین مسلمانون کو یہ اختیار دیا جانا کہ خواہ وہ یونانی رعایا بنکر رہین۔ خواہ ترکی۔ (حسب شرط معاہدہ ۱۸۸۱ء) تاوان جنگ۔ عثمانی رعایا کو اسکے نقصانون کا معاوضہ دیا جانا۔ نیز دفعات متعلق داد و ستد مجرمان۔ یونانیون کیطرف سے ان لٹیرون کے گروہون کا انسداد جو عثمانی علاقہ پر اکثر لوٹ مار کر جاتے تہے۔ وغیرہ وغیرہ۔ ایسے امور ہین جو سلطنت عثمانیہ کے واسطے مفید ہین۔ یہ تدبیر سلطنت و سیاست کے متعلق کامیابی معہ اضافہ ان فتوحات کے جو افواج عثمانیہ کو حاصل ہوئے ہین سلطنت عظمیٰ کی شان مین بہت کچھ زیادتی کا باعث ہین۔ اور جس سے ہر ایک عثمانی کے دل کو مسرور ہونا چاہیے ہے۔ یہ مفید اور اعلیٰ نتیجہ صرف اس تاجدار کی دانائی اور ہوشیاری پر دال ہے۔ جس نے اسطرح اس عہد سعادت مہد کو اور بھی درخشان بنا دیا ہے۔ جس سے سلطنت عثمانیہ کی تاریخ کے نہایت منور صفحے تیار ہوتے ہین +

ایتھنز کے اخبارات سے معلوم ہوتا ہے کہ "ایتھنائک ہیٹریا" کی کارروائیون کی تحقیقات شروع ہو گئی ہے۔ تحقیقات کنندہ مجسٹریٹ نے سوسائیٹی کے دو لاکھ درہم اس کے صرافون کے پاس سے لیکر فی الحال عدالت کی تحویل مین رکھے ہین۔ خبر ہے کہ سوسائیٹی مذکور فی الفور ایک رسالہ شایع کریگی جس مین یہ ثابت کیا جائیگا۔ کہ گورنمنٹ اور "ایتھنائک ہیٹریا" مین اس امر کی نسبت ایک باہمی سمجھوتہ تہا۔ کہ والنٹیرون کی جماعتین سوسائیٹی کیطرف سے ترتیب دی جاوین

اور [illegible]

تارکی خبریں معہ مختصر حواشی

لنڈن ۱۵ جنوری - کریٹ کی آئندہ حالت - روس کے مطالبات - موسیو زینوویف نئے روسی سفیر نے قسطنطنیہ میں معاملات کریٹ کے متعلق سلطان المعظم سے فوراً ملاقات چاہی ہے خبر ہے کہ سفیر مذکور اسپر مصر ہے کہ یونان کے پرنس جارج کو کریٹ کا گورنر مقرر کیا جائے - ورنہ روس تجویز پیش کریگا کہ جزیرہ کریٹ یونان سے ملحق کر دیا جائے +

لنڈن - ۱۵ جنوری - سوڈان کا دوبارہ فتح ہونا - کیمرن رجمنٹ قاہرہ سے سرحد کو روانہ ہوگئی ہے - چوتھی مصری بٹالین سولکم سے کوچ کرکے بربر کو پہنچگئی ہے +

لنڈن - ۱۶ جنوری - پیرس میں عوام کا فساد - "یہودیوں کو تباہ کردو" - آج پھر یہودیوں کے خلاف عوام الناس کے جھمگٹ ہوئے - لوگوں نے گروہ درگروہ سڑکوں پر پھرنا شروع کیا - عوام کی زبان سے یہودیوں اور زولا کے مارنے کے نعرے بلند تھے - اِس کے بعد اُنہوں نے اُن مکانوں کے دریچے توڑ دیئے جو اُن کے خیال میں زولا کے تھے - نیز کئی ایک قہوہ خانوں پر بھی یورش کی - پولیس نے ۱۵۰ آدمی گرفتار کئے +

لنڈن - ۱۶ جنوری ہوانا کی سڑکوں پر فساد - امریکہ کی دھمکی + ہوانا میں حالت نازک ہے عوام مفسد سڑکوں پر تین دن تک متصرف رہے - اور مارشل بلینکو کی موت کے نعرے اور جزیرہ کی آزادی کے خلاف نعرے مارتے رہے - افسروں اور والنٹیروں کو اس تحریک سے ہمدردی ہے - جو آزادی کے خلاف پیدا ہوئی ہے سفیر امریکہ نے دھمکی دی ہے کہ اگر امریکن رعایا کے جان و مال کو کسی نے ہاتھ بھی لگایا تو ایک جنگی جہاز طلب کر لیا جائیگا - بہرحال کسی قدر امن قائم ہوگیا ہے +

لنڈن - ۱۸ جنوری - چین کا معاملہ - سر مائیکل ہکس بیچ نے سوانسی میں تقریر کرتے ہوئے بیان کیا کہ برطانیہ کا ارادہ ہرگز نہیں کہ چین کا کوئی علاقہ اسکو حاصل ہو - بلکہ یہ غرض ہے کہ دنیا کی تجارت کے واسطے دروازہ کھولا جائے - اسکے علاوہ اُنہوں نے کہا کہ گورنمنٹ کا مصمم ارادہ ہے کہ خواہ ضرورت جنگ کی ہی پیش آجائے کہ ہم اپنے واسطے یہ دروازہ کبھی بند نہ ہونے دینگے +

لنڈن - ۱۹ - جنوری - انگریزی اخبارات عام طور پر یکزبان ہوکر سر مائیکل ہکس بیچ کی صاف بیانی دربارہ عزم انگلستان متعلق چین کی تعریف اور مدح سرائی کرتے ہیں +

پیکن - ۱۷ جنوری - قرض کی شرائط - سر کلاڈ میکڈانلڈ انگریزی سفیر نے سنگلی ہمن کو اطلاع دی ہے کہ انگلستان چین کے واسطے قرض بہم پہنچانے کو تیار ہے - بشرطیکہ تین بندرگاہ جنکا ذکر معاہدہ میں ہے کھولدیئے جائیں - اِن میں ٹالینواں اور ننگ بھی شامل ہیں - نیز یہ کہ یونن کے علاقہ میں سے برما ریلوے بڑھانے دی جائے - چین ان شرائط کو منظور کرتا ہے - مگر روسی اور فرانسیسی سفیران کے خلاف ہیں +

لنڈن - ۱۹ - جنوری - سوڈان کا دوبارہ فتح کیا جانا - جنرل گاٹکر ایک باٹری توپخانہ - ایک سوار پلٹن - ۸ میکسیم توپیں اور وارک شائر رجمنٹ کا باقی ماندہ حصہ لیکر رودنیل کو روانہ ہوئی ہیں + اکاشہ کے مغرب کی جانب ایک اور چوکی درویشوں نے لے لی ہے +

لنڈن - ۱۸ - جنوری - امریکہ میں بافندگی کے کارخانوں میں کام کرنیوالوں کا کام بند کرنا - کپڑہ بافی کے کارخانوں میں کام کرنیوالے ۲۵ ہزار آدمیوں نے ریاستہائے متحدہ میں تخفیف مزدوری کے باعث کام بند کر دیا ہے - اور لوگ بھی شامل ہوتے جاتے ہیں +

لنڈن ۱۸ جنوری . یہودیوں کے خلاف فرانس میں عوام کا جوش - فرانس میں جوش ترقی پر ہے اور یہودیوں کے خلاف تمام صوبوں میں مخالفت کا جوش پھیلتا جاتا ہے - کل شام کو پیرس میں تازہ شورشیں پیش آئیں - زولا - یہودیوں - اور ڈریفس کے خلاف سخت فساد برپا ہوا - رسالہ نے مفسدوں پر بندوقیں ماریں اور کئی ایک زخمی ہوئے +

لنڈن - ۱۹ جنوری - پولس کی کامیاب مداخلت - پولیس کیطرف سے سخت معیاروں کی عمل میں آنیسے پیرس کے فسادوں میں کچھ کمی ہوگئی ہے - جو خطرناک ہوتے جاتے تھے - کیونکہ فرانس کے جتنے شورش انگیز مفسد اور اکثر مخالف سلطنت فرقے تھے ان میں شریک ہوتے جاتے تھے +

لنڈن - ۱۹ جنوری - گلیڈسٹون کی صحت - مسٹر گلیڈسٹون کی صحت کی نسبت لنڈن میں بہت بری افواہیں اڑ رہی ہیں - اور کینس سے جہاں وہ آجکل ہے خبر آئی ہے کہ گو عام طور پر اُسکی صحت اچھی ہے مگر نظام عصبی کے خلل میں مبتلا ہے (۲۹ دسمبر ۱۸۹۷ء کو گلیڈسٹون کی عمر ۸۸ سال کی تھی - اور یکم مارچ ۱۸۹۴ء کو اُسنے پارلیمنٹ میں اپنی آخری تقریر کی تھی + وکیل) +

لنڈن - ۱۹ - جنوری - انجنیروں کا کام پر جانا - مالکان کارخانجات نے انجنیروں کو اطلاع دی ہے کہ کارخانے ۲۴ - ماہ حال کو از سر نو کھلینگے - بشرطیکہ وہ شرائط دربارہ انتظام کارخانجات پر قائم رہیں +

لنڈن - ۱۹ - جنوری - سوڈان کی از سر نو فتح - سردار کچنر نے درخواست کی ہے کہ کوئی ضرورت فی الحال مزید انگریزی فوج سرحد پر بھیجنے کی نہیں ہے +

لنڈن ۱۹ - جنوری - کریٹ کی گورنری - سلطان المعظم نے موسیو زینوویف سفیر روس کو مطلع کر دیا ہے کہ یونان کے پرنس جارج کے گورنر کریٹ ہونے سے سلطنت عثمانیہ کو کوئی فائدہ نہیں +

لنڈن - ۲۰ - جنوری - پولیٹکل تقریریں - مسٹر چیمبرلین نے لورپول اپنی تقریر میں افسوس ظاہر کیا کہ کریٹ کے بارہ میں اتحاد یورپ کا نکماپن نہایت بدنامی بھرا ہے - اور امید ظاہر کی کہ برطانیہ سب سے علیحدہ ہوکر کاروائی کرنے پر مجبور نہ ہوگا +

لارڈ جارج ہملٹن نے اکٹن میں تقریر کرتے ہوئے بیان کیا کہ سرحد ہندوستان کی لڑائیوں کے نتائج نہایت ہی طمانیت بخش ہیں باوجودیکہ ہمارے نقصان بہت ہوئے ہیں +

لنڈن - ۲۲ - جنوری - مسٹر گلیڈسٹون کی صحت - مسٹر گلیڈسٹون بہت کمزور ہیں - اور کینس میں گاڑی پر سیر کو نہیں جا سکتے +

لنڈن - ۲۱ جنوری جاپانی جنگی جہاز - رائٹر بذریعہ تار یوکوہاما سے اطلاع دیتا ہے کہ جاپانی جنگی جہاز آئندہ ہفتہ چین کو روانہ ہونگے - اور کہ ایک شاہی فرمان صادر ہوا ہے کہ ایک اعلیٰ جنگی کونسل ترتیب دی جائے - جس میں مارکوئیس یاماگاٹا انسپکٹر جنرل افواج جاپان بھی شامل ہیں +

ٹائمز کا نامہ نگار پیکن سے اطلاع دیتا ہے سنگلی ہمن کو سفیر روس نے دوران ملاقات میں سخت دھمکی دی کہ ٹیلن وان بندرگاہ کھولا نہ جائے - چینی بہت متذبذب ہیں +

لنڈن - ۲۲ جنوری فرانسیسی جنگی جہاز - فرانسیسی جنگی جہاز "واباں" - اور "برڈی" کو چین کو جانے کا حکم ملا ہے +

جاپانی جہازوں کی چین کی جانب حرکت اس امر کی بڑی علامت سمجھی جاتی ہے - کہ انگریز اور جاپانی چین کے معاملات میں متحد ہوکر کام کر رہے ہیں +

چین کے انگریزوں سے قرضہ لینے کے آثار کامیابی کے نہیں +

لنڈن - ۲۱ جنوری - انگریزی فوج بحری و بری - لارڈ وولزلی نے کل رات ولیسٹر ڈنر کی ضیافت میں تقریر کرتے ہوئے بیان کیا کہ میں اس نکتہ چینی کو سمجھ نہیں سکتا جو ہماری فوج پر کی جا رہی ہے - ہماری فوج نے اپنی اور ملک کی دونوں کی شان ابھی حال میں بڑھا دی ہے - اسکے بعد لارڈ موصوف نے اتنا اور اضافہ کیا کہ اگر کل جنگ کا اعلان دیدیا جائے - تو فوجیں پوری تیار ہو جائینگی قبل اسکے کہ ان کے واسطے جہاز بہم پہنچیں +

سر مائیکل ہکس بیچ نے برسٹل میں تقریر کرتے ہوئے بیان کیا کہ زیادہ ملاحوں کے واسطے تخمینے تیار کئے جائینگے - اور برطانیہ دوسری طاقتوں کی بحری قوتوں کی برابری سے بھی ایک قدم آگے ہی رہیگا + سر مائیکل نے یہ بھی بیان کیا کہ میرا اعتقاد ہے کہ اسوقت ہندوستان کو مالی امداد کی ضرورت نہیں ہے - اور اگر واقعی اس ملک کو ضرورت ہوگی تو ہمارے جیبوں کے منہ اسکے واسطے کھلے ہونگے - مگر اس سے بڑھکر کوئی امر خطرناک نہیں ہے کہ پارلیمنٹ برطانیہ کی محصول ہند کا روپیہ حصص سلطنت کی ضروریات پوری کرنیکیلئے صرف کرے - جو پارلیمنٹ کی زیر اختیار براہ راست نہیں ہیں - نیز چین کے بارہ میں اُنہوں نے بیان کیا کہ اگر چین سے سودا نہ بنیگا - تو ہم اپنے حقوق مندرجہ عہدنامہ پر قائم رہینگے +

لنڈن ۲۳ جنوری - مسٹر چیمبرلین نے لورپول میں تقریر کرتے ہوئے اسپر زور دیا اور ضرورت ثابت کی کہ ہمکو سرحدی معاملات اس ملک کی انگلستان کے مدبروں پر نہیں چھوڑنی چاہئیں - بلکہ انکا انحصار ہندوستان ہی جنگی ماہروں پر رکھنا چاہیئے

لنڈن ۲۴ جنوری - موسیو زولا کا مقدمہ ۷ فروری کو عدالت پیرس میں شروع ہوگا + **لنڈن ۲۲ - جنوری** - انگریزی جہاز "سنٹورین" ناگاساکی سے روانہ ہوگیا ہے - مگر اسکی منزل مقصود معلوم نہیں

لنڈن - ۲۲ - جنوری - سرکاری طور پر سنٹ پیٹرسبرگ میں اعلان ہوا ہے کہ اگر نئے جنگی جہاز ... الفریڈ ... آیا

ہندوستان کی خبرین

بمبئی کی ایک تار سے معلوم ہوتا ہے کہ جنرل احمد خان ایرانی کمانڈر نے اقوام کو نوٹس دیا کہ تاوقتیکہ میعاد مقررہ کے اندر مسٹر گریوز کے قاتل حوالہ نہ کئے جائینگے - انکا گاؤن لوٹ کر جلادیا جائیگا - چونکہ اس مطالبہ کی تعمیل نہ کیگئی پہلے انکے گہر لوٹ لئے گئے - اور پہر انکو آگ لگادی گئی + یہ بہی خبر ہے کہ ایرانی حکام متعینہ بوشہر دو سو جوان تاغستان قوم کے ساحل مکران پر بہیجنے والے ہین +

احمد آباد کے قریب جو فساد ہوا ہے اسکی مفصل کیفیت اسطرح موصول ہوئی ہے کہ جیکلسی ایک موضع ہے جو بوریوی ریلوے سٹیشن سے تین میل کے فاصلہ پر شمال شرق کو واقعہ ہے - اس موضع مین زیادہ تر کولی رہتے ہین - ان لوگون نے محاصل دینے سے انکار کیا - جسکی وجہ یہ تہی کہ اس گاؤن مین ایک بہگت رہتا تہا جسنے انکو اطلاع دی تہی کہ انگریزی راج کا اب خاتمہ ہوگیا ہے - اور کوئی ضرورت ٹیکس دینے کی نہین ہے چنانچہ جسوقت معاملت دار اور ایک چہوٹی سی پولس کی جماعت انکو سمجہانیکے واسطے گئی گاؤن والون نے انپر حملہ کیا اور ایک سپاہی کو ایک درانتی سے سخت زخم آیا - جو بعد مین ہسپتال مین مرگیا - اور چار سپاہی اور زخمی ہوئے - جو ہسپتال مین زیر علاج ہین - صاحب کلکٹر نے احمد آباد سے امداد طلب کی - اور چہٹی رائفل کی ایک کمپنی گاؤن مین پہونچی - مگر گاؤن والے سب بہاگ گئے تہے - بہگت صاحب گرفتار کرلئے گئے اور باقیون کی گرفتار ہونیکی امید ہے - کیونکہ گو مفسدین فی الحال بہاگ گئے ہین مگر اپنے کہیت اور گہر بار چہوڑکر کہان جاسکتے ہین - یہ خبر کہ صاحب کلکٹر کو بہی ضربین آئین بالکل غلط ہے +

اب یہ فیصلہ ہوچکا ہے کہ سر جارج وائیٹ ۱۲ - مارچ کو اپنے عہدہ سے سبکدوش ہونگے - اور جنرل نیرن صاحب بہادر عارضی طور پر کمانڈر انچیف مقرر ہونگے -

۱۶ - جنوری کو ٹون ہال لاہور مین سکہون کا ایک عالیشان جلسہ بصدارت سردار گوردیال سنگہ صاحب بہادر ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ ہوا - بڑے بڑے سکہ سردار موجود تہے - کئی ریزولیوشن پاس ہوے منجملہ انکے ایک یہ بہی تہا کہ گورو گوبند سنگہ صاحب کے جنم کے دن عام تعطیل ہوا کرے اور اسکے لئے گورنمنٹ عالیہ کی خدمت مین گذارش کیجاے - مقتول سکہون کی یادگار مین فہرست چندہ کہولی گئی - اور اسی وقت معقول تعداد روپیہ کی جمع ہوگئی -

افسوس ۲۲ - جنوری کو رائے صاحب منشی گلاب سنگہ گورنمنٹ پبلشر و مالک مطبع مفید عام لاہور نے اس دار فانی سے انتقال کیا +

کانپور مین کسی نجومی نے مشہور کیا ہے کہ ۲۹ - جنوری کو سخت زلزلہ آئیگا جو ایک گہنٹہ تک رہیگا اور آبادی کا صرف ۱/۴ حصہ باقی بچیگا - جہلا مین سخت پریشانی پہیل رہی ہے - پنجاب کے بہی اکثر قصبات اور شہرون مین اسکا چرچا ہے +

الہ آباد - سنٹرل کالج کے ایک ذہین طالبعلم مسمی دواہچرن نے ایک سال کے اندر تین مشکل امتحان - بی - اے - بی - ایس - اور بی - ال - ایل پاس کئے -

حضور وایسرائے نے سکرٹری آف سٹیٹ کو تار دیا ہے کہ انسداد طاعون کے لئے ۵ ڈاکٹر و لیڈی ڈاکٹر ۲۵ - دایہ اور بہیجین - لکہا ہے کہ اگر وبا قابو مین نہ آئی تو اور بہی ڈاکٹر منگائین گے +

اخبار ٹائمز آف انڈیا کا نامہ نگار فی احمد آباد سے لکہتا ہے کہ گجرات مین جیکلسی کے فسادون کا باعث یہ ہوا ہے کہ افسران مال بجاے دو قسطون کے ایک ہی مرتبہ محال وصول کرنا چاہتے تہے -

۱۷ - ماہ حال کی سہ پہر کو پونہ شہر مین سخت آگ لگی جسمین شہتیر و لکڑی کے گودام اور مکانات جو تخمیناً ایک لاکہ کی مالیت تہے - راکہ ہوگئے - ۱۸ - تاریخ تک آگ برابر لگی ہوئی تہی مگر بجہنے کے آثار تہے -

۱۶ - ماہ حال کو بقول ایک انگریزی اخبار کے ایل رکڑی (توپخانہ) دو گورے ہنجوری واقع پونہ کے پاس شکار کہیل رہے تہے کہ ایک گاؤن کے لوگون سے جہگڑا ہوگیا جنہون نے گورون پر حملہ کیا - اس کشمکش مین گورون کی بندوق اتفاقیہ خود بخود چل گئی - جس سے ایک دیہاتی زخمی ہوکر بعد مین مرگیا - اسکے بعد مفصل کیفیت اسطرح موصول ہوئی کہ ایک ہی گورے کے پاس بندوق تہی - جسوقت یہ موضع مین پہنچے ایک کنوئین پر پانی پینے کیواسطے گئے - ایک دیہاتی مویشی چرانیوالے نے ارد گرد کے لوگون کو بہڑکادیا کہ پانی ناپاک ہونے لگا ہے - اور گورون کو آگے جانے سے روکا - ایک گورے نے اسکو اینٹ مار کر گرادیا - ایک اور دیہاتی نے دوسرے گورے کو روکنے کی کوشش کی جسنے اسکو گولی ماردی دیہاتی مرگیا - اسکے بعد ایک اور شخص کو بندوق کی نال مار کر گرادیا - اور اسکے بعد گورے بہاگ گئے - گورون کا بیان ہے کہ بندوق ہاتہا پائی مین خود چل پڑی - دونون گرفتار ہین -

سیالکوٹ کے ایک دوکاندار مسمی بیٹا نے اپنی زبان کاٹکر دیوی پر چڑہادی اس قسم کی کئی ایک اور واقعات پہلے دو تین مہینون مین سیالکوٹ مین پیش آئے ہین +

کلکتہ کی ایک تار آمدہ ۱۹ - ماہ حال بنسبت معاملات مکران سے معلوم ہوتا ہے کہ خان قلات کے ناظم نے اطلاع دی ہے کہ مہراب خان نے پسنی اور گوادر کے درمیان تار کاٹنے کیواسطے آدمی بہیجے ہین - اور اسکا ارادہ ہے کہ پسنی کو لوٹ لے - کیچ اور گوادر مین سلسلہ رسل و رسائل بند کردیا گیا ہے اور ہمارے تہانہ سے گئی ہوئی ڈاک لوٹ لی گئی ہے - اور خبر ہے کہ خان مذکور کا لا ماک اور نصیر آباد پر سرکار انگریزی سے لڑنے کو تیار ہے - دسلت اور کولنے کے سر گروہ اسکے ساتہ شامل ہوگئے ہین - ناظم نے اصرار کیا ہے کہ فوجین فی الفور بہیجی جائین اور معلوم ہوا ہے کہ ۱۲۰ جوان مزید کرنیل مین کے پاس بہیجے گئے ہین - اور انکو حکم ملا ہے کہ فی الفور پسنی تک تار کے برابر بڑہتے چلے جائین - اور وہان سے تربت کو جائین - لفٹنٹ ناکس انکے ساتہ ہونگے - یہ بہی خبر ملی ہے کہ مہراب خان نے اپنے آپ کو غازی مشہور کیا ہے - مگر چونکہ بہت سے سردار ابتک سرکار انگریزی کے رفیق ہین - امید ہے کہ عرصہ نہ گذریگا - کہ خان مذکور بہاگ کہڑا ہوگا +

کمیشن قحط نے کلکتہ مین ۱۹ - جنوری کو شہادتین لینا شروع کردین +

بمبئی مین طاعون زیادہ شدت سے سختی پکڑتا جاتا ہے - ۱۹ - تاریخ کو ۱۱۸ وارداتین اور ۹۳ اموات ہوئین -

پونہ سے ۱۰ - جنوری کو ایک نامہ نگار نے تار کے ذریعہ یہ خبر ایک انگریزی اخبار کو بہیجی تہی - جسمین نہایت مستند روایت کہنی ہے کہ ایک نہایت ہی پراسرار اور غیر معمولی کارروائی دمودر ہری چاپیکر کے متعلق ہو رہی ہے - جو فی الحال فراش خانہ شہر مین زیر حراست ہے - چند روز گذرے جب اسکی کوٹہری کہولی گئی تو ایک بڑا بہاری کالا ناگ اسمین ملا - جو فوراً مار ڈالا گیا - مگر کسطرح یہ ناگ وہان پہنچا یہی اسرار ہے -

لارڈ رابرٹس صاحب بہادر نے ڈبلن کی ایک دعوت مین تقریر کی جسمین بیان کیا کہ سرحدی ہند پر امن قایم رکہنے کے لئے ۲ لاکہ سرحدی پٹہانون کو کسی نہ کسی ترکیب سے قابو مین رکہنا چاہئے -

پنڈت لیکہرام کا مشتبہ قاتل جو سری نگر سے گرفتار کرکے لاہور لایا گیا تہا کافی شہادت نہ ملنے کیوجہ سے رہا کیا گیا

کرنل سر ایچ سیلس معائنہ افواج امپیریل کے لئے کلکتہ سے انبالہ آئے - اور ۲۰ کو جمون پہونچکر ۲۴ کو کپورتہلہ - ۲۷ کو پٹیالہ - ۳۰ کو انبالہ پہونچکر وہان سے مغربی راجپوتانہ کا دورہ فرمائین گے -

کلکتہ کے پروفیسر بوس کی ہمشیرہ نے امتحان - ایم - اے - نیچرل سائنس مین پاس کیا - یہ ہندوستان کی پہلی لیڈی ہے جسنے سائنس مین اعلی درجہ کی ڈگری حاصل کی ہے +

۲۱ - جنوری کو بمبئی سے بذریعہ تار خبر پہنچی تہی - رائل آئرش رجمنٹ کو دو افسرون اور ۹۶ جوانون کا ایک دستہ مصر مین خدمات کیواسطے روانہ ہونیوالا ہے -

کراچی کے ایک اخبار نے لکہا ہے کہ افواہاً خبر ملی ہے کہ بمبئی سے ۳ ہزار بوہرے طاعون سے بچنے کیواسطے کراچی مین ترک وطن کرکے آنیوالے ہین +

خبر ہے کہ امیر صاحب نے وائسرائے سے شکایت کی ہے کہ خیبر کے راستہ کو برابر بند رہنے سے ہندوستان کے ساتہ افغانستان کی تجارت کو سخت نقصان پہنچ رہا ہے - اور افغان سوداگرون کو سخت تکلیف ہو رہی ہے - یہ بہی یقین ہے کہ اس سے امیر صاحب کو ذاتی طور پر بہی تکلیف ہوئی ہے - کیونکہ امیر صاحب کا اپنا منگوایا ہوا اسباب بہی رکا پڑا ہوا ہے - امیر صاحب نے تجویز کیا ہے کہ فی الحال ترتارا کا راستہ کہولدیا جاے - امید ہے کہ فوراً احکام صادر ہونگے کہ امیر صاحب کا اسباب فی الفور گذر جانے دیا جائے +

جسقدر خبرین ہندوستان کے مختلف مقامات سے آئی ہین انسے معلوم ہوتا ہے کہ سورج گرہن کی نظارہ مین بہ لحاظ رصد کی کامیابی ہوئی - گرہن سب جگہ ٹہیک دکہا - مطلع بالکل صاف رہا - اور جو نتائج حاصل ہوئے ہین وہ سائنس کیواسطے بہت ہی مفید اور نتیجہ خیز ہین +

بگ جی G

یہ دوا اُس ڈاکٹر نے ایجاد کی ہے جسکو تمام یورپ کے نامی گرامی ڈاکٹر لقمان وقت جانتے ہین۔ ڈاکٹر دعویٰ ہے کہ جدید یا کہنہ کسی قسم کا سوزاک ہو بلا تفریق عورت مرد کی اس دوا کے ۵ روز کے استعمال کرنیسے بالکل ہوجاتی ہے۔ آجکل نوجوان ابتدا مین اس مرض کو حقیر سمجھکر بے توجہی اور بیغوری سے عمل مین لاتے ہین۔ یا نیم حک کے علاج سے اپنی پیاری تندرستی کو خوفناک حالت مین دیکھتے ہین۔ اور امراض مہلک کا نشانہ بنکر بیمو مرتے ہین یا بیغیرتی اور بیحیائی سے زندگی بسر کرتے ہین۔ بعض حکماء کی کباب چینی و صندل وغیرہ کے است کرانے سے بدہضمی پیدا ہوکر مختلف قسم کے سخت مرض ظاہر ہوتے ہین۔ بلکہ عوام کے علاج سے پیشاب کا راستہ فراخ ہوتا جاتا ہے۔ یا بالکل بند ہوکر لاولدی اور ہلاکت کا ذائقہ چکھاتا ہے۔ پانچ روز اس دوا کا استعمال ہر مریض کے لئے دوامی تندرستی قایم رکھنے کے واسطے ہر حالت مین فرض مجھے بھی اپنی تحقیق کے ذریعہ سے بنظر عام ہمدردی یہ ظاہر کرنا لازم ہے کہ سوزاک کے لئے ا بہتر دوا آجتک ایجاد نہین ہوئی۔ علاوہ بگ جی کا استعمال مرد و عورات کی اندرونی عوارض خا دور کرنے مین بھی جنکی تشریح خلاف تہذیب ہے۔ حکم اکسیر کا رکھتا ہے۔ ہر بوتل کے ساتھ سارٹیفکٹ اور اُسکا ڈایرکشن انگریزی زبان مین موجود ہے۔ قیمت فی بوتل ر

المشتھر عبد اللہ و محمد امین ایجنٹ نمبر ۴۵ رام موہن گھوس لین کولوٹولہ گ

گلِ جدید لذیذ

افسون۔ کہان ہین مہذب پارٹی کے ناول دیکھنے والے! اس تاریخی سچے ناول کو خو اور اپنی بی بی اور بچون کو پڑہائے۔ اور سنائے۔ اور لطف کے ساتھ وقت گذرنے لگے علاوہ وفاداری۔ عفت اور ہمت کا ایسا سبق سکھلائے کہ پتھر کی لکیر ہو جائے۔ اسمین ایک صاحب اوسکی بیٹی کا کانپور سے نانا راؤ کے حکم سے پنجاب کے پہاڑون کو جانا اور باعصمت رہنا۔ بھائی کا ایک سپنیرہ کی مدد سے اودہ اور ترائی کے لق و دق جنگلون۔ میلون۔ ٹیلون۔ وحشی قومون مین پہنچنا۔ سانپون کا تماشا دکھا کر روٹی کہانا مصیبت مین پہنسکر عقل سے صاف بچ نکلنا منصوری پہاڑ و تیر پہونچنا۔ وہان سے بندر پور جانا اور لڑکی کو با عص بڑی بہاری چوکیون سے نکالکر کشتی مین بہاگنا۔ وغیرہ وغیرہ۔ آخر مین باپ بیٹے اور بیٹی کامیابی کے ساتھ ملنا۔ ایسا دلچسپ ہے کہ ہرگز قلم اوسکی پوری پوری تصویر نہین سکتا۔ یہ کتاب معلومات کا ذخیرہ اور اعلیٰ یورپین لٹریچر کا کافی نمونہ ہے۔ ایکدفعہ ضرور پڑ پڑہکر ہرگز نہ پچھتائیگا۔ فرانسیسی زبان مین اول یہ کتاب لکھی گئی اوسنے ایسی قبولیت عام کی کہ ایک لیڈی نے اُسکا انگریزی مین ترجمہ کر دیا۔ اب مولوی سخاوت حسین بی اے ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ اسکول بلند شہر نے۔ سیمپسن اینڈ کو سوداگران لندن تحریری اجازت سے با محاورہ دلچسپ اُردو لباس پہنایا۔ اب یہ سچی سرگذشت اور بالکل نا فسانہ ہمارے مطبع مین چھپ کر تیار ہو گیا ہے کاغذ اور چھپائی لکھائی عمدہ ہے قیمت

ملخص تسلیم معہ۔ مولفہ منشی انوار حسین صاحب تسلیم سہسوانی مرحوم۔ فن تاریخ گوئی مین جتنی قسم کی تاریخین ہو وہ سب اسمین پوری کی ہین اور عجیب عجیب صنعتون کی تاریخین لکھی ہین جو حد اعجاز تک پہنچی ہین قیمت بلحاظ کا

لفافہ:- اسکے علاوہ نئے نئے ناول اور ہر قسم کی کتابین ہماری بک ایجنسی سے مل سکتی ہین

المشتھر ایس۔ ابن علی منیجر اخبار نیر اعظم مراد آباد

نقشہ وقت افطار و انتہائے وقت سحر بابت ماہ رمضان المبارک ۱۳۱۵ھ

تاریخ	دن	وقت افطار		انتہائے وقت سحر		تاریخ	دن	وقت افطار		انتہائے وقت سحر	
		گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ			گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ
یکم	دوشنبہ	۵	۴۰	۵	۱۴	۱۶	سہ شنبہ	۵	۵۳	۵	۵
۲	سہ شنبہ	۵	۴۱	۵	۱۴	۱۷	چہارشنبہ	۵	۵۴	۵	۴
۳	چہارشنبہ	۵	۴۲	۵	۱۳	۱۸	پنجشنبہ	۵	۵۵	۵	۳
۴	پنجشنبہ	۵	۴۳	۵	۱۲	۱۹	جمعہ	۵	۵۶	۵	۳
۵	جمعہ	۵	۴۴	۵	۱۲	۲۰	شنبہ	۵	۵۶	۵	۲
۶	شنبہ	۵	۴۵	۵	۱۱	۲۱	یکشنبہ	۵	۵۷	۵	۱
۷	یکشنبہ	۵	۴۶	۵	۱۱	۲۲	دوشنبہ	۵	۵۸	۴	۰
۸	دوشنبہ	۵	۴۶	۵	۱۰	۲۳	سہ شنبہ	۵	۵۹	۴	۵۹
۹	سہ شنبہ	۵	۴۷	۵	۱۰	۲۴	چہارشنبہ	۶	۰	۴	۵۸
۱۰	چہارشنبہ	۵	۴۸	۵	۹	۲۵	پنجشنبہ	۶	۱	۴	۵۷
۱۱	پنجشنبہ	۵	۴۹	۵	۸	۲۶	جمعہ	۶	۳	۴	۵۷
۱۲	جمعہ	۵	۵۰	۵	۸	۲۷	شنبہ	۶	۲	۴	۵۶
۱۳	شنبہ	۵	۵۱	۵	۷	۲۸	یکشنبہ	۶	۲	۴	۵۵
۱۴	یکشنبہ	۵	۵۱	۵	۶	۲۹	دوشنبہ	۶	۳	۴	۵۴
۱۵	دوشنبہ	۵	۵۲	۵	۶	۳۰	سہ شنبہ	۶	۴	۴	۵۳

نوٹ:- یہ اوقات مطابق گھنٹہ ریلوے کے ہین

ترجمہ مفصل انڈین لا رپورٹ

جنوری ۱۸۹۳ء سے بمنظوری گورنمنٹ ہند انڈین لا رپورٹ ہر چہار ہائیکورٹ (کلکتہ۔ الہ آباد۔ بمبئی۔ مدراس) معہ فیصلجات پریوی کونسل وغیرہ کا ترجمہ لفظ بلفظ مطبع ریاست گفتار (جنرل لا بکس ایجنسی) امرتسر سے جاری ہے۔ اسکی تمام ترتیب صفحات انگریزی انڈین لا رپورٹ کے مطابق ہے۔ اور بہت عجلت سے انگریزی کے ساتھ ساتھ نکلتا ہے۔ ترجمہ اعلیٰ درجہ کا صحیح و خوشخط دو قسم کے کاغذ پر ہوتا ہے۔ سال کے بعد چارون ہائیکورٹ کے چار انڈکس مطابق حروف تہجی مطبع ریاست گفتار کے بنائے ہوئے بطور خلاصہ فیصلجات ہر ہائیکورٹ کے دئیے جاتے ہین۔ اور ساتھ ہی ہر ایک ہائیکورٹ کے اسمائے متخاصمین کی فہرست مطابق حروف تہجی کے ہوتی ہے۔ اور ہر نام کے محاذ نمبر صفحہ کا درج ہوتا ہے تاکہ اگر کہین انڈکس کے محولہ صفحات مین غلطی ہو تو ردیفوار فہرست سے صفحہ نکالا جائے۔ یہ انڈکس و فہرست ہائے اختتام سال پر دئیے جاتے ہین اور علاوہ ازین ہر ماہ کے ترجمہ کے ساتھ اُسکا انڈکس ردیفوار ہوتا ہے جس مین نام متخاصمین نام صیغہ اور دفعات ایکٹ ہائے مستعملہ کے درج ہوتے ہین۔ تاکہ جو فیصلہ دیکھنا چاہین بہ آسانی نکال سکین۔ غرضیکہ ہر طرح کی سہولت اپنے خریدارون کے لئے کی گئی ہے۔

قیمت بہ پیشگی حسب ذیل مقرر ہے۔ سالانہ ڈمی کاغذ پر معہ محصولڈاک صہ۔ سالانہ سپر امپوری کاغذ پر معہ محصولڈاک لعہ مابعد المضاعف۔

نوٹ:- انڈین لا رپورٹ ۱۸۹۳ء لغایت ۱۸۹۷ء بھی مطبع سے مل سکتی ہین۔

جملہ درخواستہائے خریداری بنام **شیخ غلام رسول** مالک و مہتمم مطبع ریاست گفتار (جنرل لا بکس ایجنسی) امرتسر آنی چاہئین

[illegible]